سوال

(76) تحیۃ المسجد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تحیۃ المسجد کا مطلب کیا ہے اور اس کو کس طرح پڑھا جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد میں داخل ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی خاطر جو دو رکعت نماز پڑھی جاتی ہے اس کو تحیۃ المسجد کہتے ہیں۔ یہ نماز سنت ہے اور اس نماز کو عام ممنوعہ اوقات میں بھی پڑھ لیں کوئی حرج نہیں۔

اس کے پڑھنے کا طریقہ باقی نمازوں ہی کہ طرح ہے جس میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے۔ کیونکہ حضور اکرم ﷺ فرماتے ہیں :

''اس شخص کی نماز ہی نہیں جس نے سورہ فاتحہ نہیں پڑھی۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص196

محدث فتویٰ